Rampur State Gazette

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۱ صفر ۱۳۵۷ھ مطابق ۲۳ اپریل ۱۹۳۸ء جلد

احکام جلالت نشان اعلیحضرت امیر بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری پنشن مستقل لفٹنٹ کرنل نادر حسین خاں ریٹائرڈ کمانڈنگ افسر سکنڈ ماونٹ مرتضیٰ انفنٹری	۲
۲	منظوری پنشن مستقل میجر جے کشن۔ ریٹائرڈ کمانڈنگ افسر گورکھا کمپنی	″
۳	″ رخصت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۳
۴	منظوری رخصت میجر اے بی۔ کرنس صاحب بریگیڈ میجر۔	۴
۵	ترقیات سلسلۂ آسامی کپتان عبد القیوم خاں۔ (برخاست شدہ)	۵

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل

	منظوری اضافہ گریڈ ماسٹر سید نبی شاہ۔ ٹیچر ہائی اسکول۔	۵
	″ الاونس منشی غلام واحد خاں نائب تحصیلدار	″
	″ رخصت سید نادر حسین داروغہ بجلی گھر برائے زیارت مقامات مقدسہ	″
۶	منظوری رخصت سید تجمل حسین امین محکمۂ انہار برائے زیارت مقامات مقدسہ	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۸ء

بموجب رپورٹ۔ لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں ریٹائرڈ کمانڈنگ افسر سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کی مستقل پنشن ۸۰/۵ (اسّی روپیہ پانچ آنہ) ماہوار یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

معروض می رساند

جناب عالی

کاغذات پنشن لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں صاحب سابق آفیسر کمانڈنگ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری مع رپورٹ پنشن سیکشن حضور انور میں پیش ہیں۔

لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں صاحب کی خدمات بدولت ترقی خواہ پسندیدہ رہیں۔ لہٰذا ترقی خواہ مستدعی ہے حسب سفارش پنشن سیکشن و تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر۔ مورخہ ۷ اپریل ۱۹۳۸ء لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں صاحب کو یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے مبلغ ۸۰/۵ (اسّی روپیہ پانچ آنہ) ماہوار مستقل پنشن دیے جانے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پاتے۔

جس قدر رقم بطور پنشن غیر مستقل لفٹنٹ کرنل صاحب نے وصول کی ہے۔ وہ مستقل پنشن سے وضع ہوگی۔

کاغذات جدا اجرائے احکام داخل دفتر ہو گئے

زیادہ حد ادب — دولت و اقبال جاوید باد

حضور

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

ترقی تنخواہ و ... مورخہ ۷ اپریل ۱۹۳۸ء

حکم:- واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۸ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بموجب رپورٹ۔ میجر جے کش۔ سابق کمانڈنگ افسر گورکھا کمپنی کی مستقل پنشن ۱۴/۵۴ (چون روپیہ چودہ آنہ) ماہوار یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

معروض می رساند

جناب عالی!

کاغذات پنشن میجر جے کش صاحب۔ سابق آفیسر کمانڈنگ گورکھا کمپنی مع رپورٹ پنشن سیکشن و تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر۔ مورخہ ۷ اپریل ۱۹۳۸ء حضور انور میں پیش ہیں۔

میجر جے کش صاحب کی خدمات بدولت ترقی خواہ پسندیدہ رہیں۔ لہٰذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ میجر صاحب کو حسب سفارش پنشن سیکشن مبلغ ۱۴/۵۴ (چون روپیہ چودہ آنہ) ماہوار پنشن مستقل یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے دیے جانے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پاتے

میجر صاحب نے جس قدر رقم بطور پنشن غیر مستقل حاصل کی ہے وہ مستقل پنشن سے محسوب ہوگی۔ اور کاغذات بعد اجرائے احکام داخل دفتر ہوں گے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

معروضہ ۱۸ اپریل ۱۹۳۸ء

حکم

واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۸ء

عرضداشت عالی مرتبت
صاحب چیف منسٹر بہادر ریاست ہذا
صدر حکم منظوری رخصت اتفاقیہ
دو یوم ۲۰ و ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء
بغرض روانگی وطن بضرورت ذاتی

حکم

بموجب رپورٹ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی رخصت اتفاقیہ دو یوم ۲۰ و ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں اُن کا کام عالی مرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر اپنے کام کے علاوہ انجام دیں گے۔

سررشتۂ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:-

واقع ۱۸ اپریل ۱۹۳۸ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ میجر اے۔ جے کرٹس۔ برگیڈ میجر کی رخصت چار ماہ تاریخ استفادہ سے یورپ جانے کے لئے منظور کی جاتی ہے۔

استفادہ رخصت اس طرح کیا جائے کہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء تک برگیڈ میجر رامپور آجائیں۔ ایام رخصت میں گورکھا کمپنی کا کام میجر عبدالغفار خاں شل سکنڈ رامپور محمودی انفنٹری کے زیر نگرانی کمانڈنگ افسر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری انجام دیں گے۔

عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر نے برگیڈ میجر کو مصارف آمد و رفت منجانب ریاست دیئے جانے کی سفارش کی ہے۔ مگر برگیڈ میجر ریاست کے مستقل ملازم ہیں اور قواعد مجریہ ان کو یہ مصارف دیئے جانے کی تائید نہیں کرتے۔ لہذا مصارف آمد و رفت کی منظوری نہیں دی جاسکتی۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

روبکار:-

واقع ۱۲ اپریل ۱۹۳۸ء

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ کپتان عبدالقیوم خاں ملازمت سے علیحدہ ہوچکے ہیں۔ لہذا ایک عہدہ "کپتانی" خالی ہے حسب سفارش عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) لفٹنٹ شریف اللہ خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو "کپتان" رینک پر ترقی دی جاتی ہے۔

(۲) سکنڈ لفٹنٹ شریف الحسن خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو لفٹنٹ شریف اللہ خاں کی جگہ پر "لفٹنٹ" رینک پر ترقی دی جاتی ہے۔

(۳) انتظام مصرحۂ بالا میں ایک جگہ سکنڈ لفٹنٹ کی خالی رہتی ہے۔ یہ جگہ انتظام طلب رہیگی اور کیڈٹس کی ٹریننگ کے بعد

اس جگہ پر ترقی دی جائے گی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

—:o:—

روبکار:۔ واقع ۱۲ر اپریل ۱۹۳۱ء

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لوگ نزولی آراضیات پر بسلسلہ تعمیر مکانات وغیرہ ناجائز قبضہ کر لیتے ہیں۔ ایسی کارروائیوں کی اطلاع پر بعد تحقیقات صرف ایسے اشخاص سے بقاعدہ شرح محلہ کسیقدر زیادہ رقم وصول کر لیجاتی ہے۔ اور یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ تعمیر ہو چکی ہے اور آراضی ضروریات سرکاری کے قابل نہیں ہے محض اسقدر تاوان کہ شرح محلہ سے کسیقدر زیادہ رقم وصول کیجائے۔ ایسی بیجا کارروائیوں کے لئے باعث انسداد نہیں ہے۔ بلکہ یہ عمل اس بات کا محرک ہوتا ہے کہ لوگ سرکاری آراضیات پر قبضہ کریں۔ اور اگر کسیوقت یہ بات ظاہر ہو جائے تو خفیف رقم دیکر سبکدوش ہو جائیں آیندہ عام اس سے کہ آراضیات ضروریات سرکاری میں آنے کے قابل ہوں۔ یا نہ ہوں۔ ایسے سخت تدارک کی ضرورت ہے کہ کسی شخص کو اسطرح تصرف بیجا کی جرأت نہ ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سررشتہ صدر سے حسب منشاء حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۲ر اپریل ۱۹۳۱ء

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ اپریل ۱۹۳۸ء
میں کاغذات منظوری اضافہ گریڈ بحساب دس روپیہ
ماہانہ بہ تنخواہ ماسٹر سید نبی شاہ بی اے۔ بی۔ ٹی ہجراہی اسکول
شاہ آباد بابت ایک سو تیس روپے از ۱۶ نومبر ۱۹۳۶ء
پیش ہو کر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق فائنانس۔ ماسٹر سید نبی شاہ ہجراہی اسکول کا
دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ ۱۶ نومبر ۱۹۳۶ء سے
منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔ مسل منفصلہ منسلکہ سررشتہ
صدر سے محافظخانہ میں داخل کیجائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ اپریل ۱۹۳۸ء میں
تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت عطائے
الاؤنس کارکردگی بہ منشی غلام واحد خاں نائب تحصیلدار
بلاسپور بزمانہ انجام دہی خدمات عہدہ تحصیلداری از دسمبر ۱۹۳۶ء
بحساب بیس روپیہ ماہانہ پیش ہو کر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق فائنانس۔ منشی غلام واحد خاں نائب تحصیلدار
بلاسپور کو دسمبر ۱۹۳۶ء سے تا انجام دہی خدمات
تحصیلداری مبلغ بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی
دلایا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
درج گزٹ ہو۔ ایک نقل سررشتہ سے عینیۂ مال کو
ارسال کیجائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ اپریل ۱۹۳۸ء
میں حکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲ مارچ ۱۹۳۸ء
بابت منظوری رخصت چار ماہ مع تنخواہ پیشگی سید نادر حسین
داروغہ بجلی گھر شاہ آباد دارالحکومت۔ از یوم استفادہ
بغرض زیارت مقامات مقدسہ۔

پیش ہو کر طے پایا کہ۔

کونسل کو حکم منظوری رخصت چار ماہ مع تنخواہ پیشگی سے
اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر بہ اخراج نقل حکم منسلکہ بغرض شمول اصل کاغذات متعلقہ
صاحب فائنانس سکریٹری بہادر مرسل ہو۔
ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل مورخہ ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۳۱ء میں کاغذات منظوری رخصت چار ماہ مع تنخواہ پیشگی سید تجمل حسین امین محکمہ انہار مشاہرہ دار پندرہ روپیہ بغرض زیارت مقامات مقدسہ:-

پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب اتفاق فائنانس سیکریٹری سید تجمل حسین کی چار ماہ کی رخصت مع تنخواہ پیشگی یوم استفادہ سے منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بغرض ادائگی تنخواہ چار ماہ پیشگی بخدمت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر مرسل ہوں۔

دستخط فارعالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔